## سوال

سنت رکعات کا نہ پڑھنا

## جواب

سوال : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : نماز کی سنت رکعتیں اگر نہ پڑھی جائیں تو کیا نماز درست ہوگی ؟

جواب :: جی ہاں ! فرض نماز ہو جائے گی ۔ اگر سنن کبھی کبھار چھوٹ جائیں تو کوئی حرج نہیں مگر اس کو روٹین بنانا صحیح نہیں ہے ۔
حدیث مبارکہ میں ان سنن کی بہت فضیلت بیان ہوئی ہے ۔ صحیح مسلم کی ایک روایت کے مطابق جو شخص دن ورات کی نمازوں میں بارہ رکعات سنن پابندی سے ادا کرے گا تو اللہ تعالی اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائیں گے ۔

( مَنْ صَلَّى اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ بُنِيَ لَهُ بِهِنَّ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ) رواه مسلم (728)

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث